www.understandquran.com

سبق - 4

عقائد اللہ تعالیٰ کی ایک اور بڑی نعمت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حضرت محمد ﷺ کی امت میں پیدا فرمایا۔

حدیث مَا عَابَ رَسُولُ اللهِ ﷺ طَعَامًا قَطُّ، إِنِ اشْتَهَاهُ أَكَلَهُ وَإِنْ كَرِهَهُ تَرَكَهُ

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے کبھی کسی کھانے میں عیب نہیں نکالا اگر وہ کھانا پسند ہوتا تو اسے کھا لیتے، اور اگر پسند نہ ہوتا تو اسے چھوڑ دیتے۔ (ابو داؤد: 3763)

دعا اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي (ترمذی: 3513)

سیرت رسول ﷺ کتنی مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ ہم کھانے کے بارے میں شکایت کرتے ہیں؟ اگر آپ کو کھانا اچھا نہ لگے تو اسے چھوڑ دیجیے جیسا کہ نبی کریم ﷺ کا عمل تھا۔ یاد رکھیے! ہمارے نبی ﷺ ہمارے لیے سب سے بہترین نمونہ اور رول ماڈل ہیں۔

اخلاق و آداب کھانا کھانے کے بعض آداب:

1. سیدھے ہاتھ سے کھائیں
2. اپنے سامنے سے کھائیں
3. اگر کوئی لقمہ گر جائے تو اسے صاف کر کے کھالیں
4. کھانے کے بعد کی دعا پڑھیں